# عبوری کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی

آدم جی لائف انشورنس (کمپنی) کے شیئر ہولڈرز کو اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی نے 30 جون 2025 کو اختتام پذیر مدت کے لئے ہر 10 روپے والے عام شیئر کے لئے عبوری کیش ڈیویڈنڈ (10%) 1.00 روپے فی شیئر ان شیئر ہولڈرز کے مخصوص بینک اکاؤنٹس میں 15 ستمبر 2025 کو بذریعہ الیکٹرونک موڈ، براہِ راست منتقل کر دیے گئے ہیں جنہوں نے اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) اور بین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر جمع / فراہم کر دیے ہیں۔

قانون کے تحت کریڈٹ کی جانے والی اصل رقم حصص کی تعداد کیش ڈیویڈنڈ، ٹیکس اور زکوۃ کی کٹوتیوں کی کل رقم کی تفصیلات کو سی ڈی سی رپازٹری ویب پورٹل پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے جو سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے زیر انتظام ہے۔ شیئر ہولڈرز سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹرار سے الیکٹرانک فارم میں ریکارڈ کے مقصد یا ٹیکس فائلنگ کے سلسلے میں ای ڈیویڈنڈ کے لئے https://csp.cdcaccess.com.pk پر رجسٹریشن کر کے مذکورہ تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور بعد ازاں سیکیوریٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او 2017/ (1) 1145 مورخہ 6 نومبر 2017 کے نوٹیفیکیشن کی تعمیل میں کمپنی نے ان شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈ روک لئے ہیں جنہوں نے ابھی تک اپنے بینک اکاؤنٹ کی درست اور مکمل معلومات بشمولبین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) جمع / فراہم نہیں کئے ہیں۔

لہٰذہ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B ، SMCHS ، مین شاہراہِ فیصل، کراچی سے رابطہ کریں اور اپنی سی این آئی سی کی فعال اور درست کاپی اور 24 ہندسوں پر مشتمل (IBAN) درست اور مکمل بینک تفصیلات فراہم کریں تاکہ آپ کے استحقاق کی ادائیگی کی جاسکے۔

16 ستمبر 2025
کراچی

ارسلان طاہر
کمپنی سیکریٹری